محمدیہ اسلامی مرکز کے زیر اہتمام بینیفٹ کمیٹی (BENEFIT COMMITTEE) کا قیام

محمدیہ اسلامی مرکز نے اپنے تمام معاونین کیلئے جو بذریعہ بنک یا براہ راست تعاون کر رہے ہیں یا مرکز کے ماہانہ ، سہ ماہی یا سالانہ معاون بننا چاہتے ہیں ان تمام معاونین کیلئے ایک بینیفٹ کمیٹی تشکیل دی ہے۔ بینیفٹ کمیٹی کے قیام کا بنیادی مقصد محمدیہ اسلامی مرکز کے ساتھ مالی تعاون کر کے جہاں معاونین کو ثواب دارین اور صدقہ جاریہ کا موقع فراہم کرنا ہے وہاں معاونین کیلئے تحفظ کا احساس اور سہولت کی فراہمی بھی ہے۔

بینیفٹ کمیٹی (BENEFIT COMMITTEE) کے قواعد وضوابط

1. بینیفٹ کمیٹی میت پاکستان بھجوانے سے متعلق تمام امور سرانجام دے گی اور تمام اخراجات برداشت کرے گی اس کے علاوہ ورثا کے ساتھ ہزار یورو تک کی مالی معاونت بھی کی جائے گی۔ یہ ہزار یورو صرف بینیفٹ کارڈ ہولڈر کی موت واقع ہوجانے کی صورت میں ورثا کو دیا جائے گا خواہ اس کی موت اٹلی میں واقع ہو یا پاکستان میں۔
2. محمدیہ اسلامی مرکز کے معاونین کے مجموعی تعاون کا 10% بینیفٹ کمیٹی کیلئے مختص کیا جائے گا اور اس فنڈ سے میت سے متعلقہ تمام امور سرانجام دیئے جائیں گے۔
3. بینیفٹ کمیٹی کے ممبر زصرف وہی احباب ہوں گے جو مسجد کے ساتھ بذریعہ بنک ماہانہ، سہ ماہی یا براہ راست سالانہ بنیادوں پر تعاون کریں گے۔
4. اگر کوئی معاون مسلسل تین قسطیں ادا نہیں کرے گا اور عدم ادائیگی کی وجوہات سے ادارہ کو مطلع نہیں کرے گا تو اسکی رکنیت منسوخ ہوجائے گی۔ رکنیت منسوخ ہوجانے کے بعد کوئی جواز قابل قبول نہ ہوگا۔ ادا کردہ اقساط نا قابل واپسی ہوں گی۔ دوبارہ رکنیت حاصل کرنے کیلئے بقایاجات کی ادائیگی ضروری ہوگی۔
5. خاندان کے سربراہ کے ممبر بن جانے سے خاندان کا کوئی بھی ایک فرد بینیفٹ کمیٹی کی طرف سے فراہم کردہ سہولتوں کا مستحق ہوگا۔ خاندان سے مراد کنبہ کا سربراہ (خاوند) بیوی اور 18 سال سے کم عمر بچے اور بچیاں ہیں۔
6. 18 سال سے زائد عمر بچے اور بچیوں کیلئے انفرادی طور پر ممبر شپ حاصل کرنا ضروری ہوگی۔ مگر وہ بچیاں جن کی عمر 18 سال سے زائد ہے اور غیر شادی شدہ ہیں اور برسر روزگار بھی نہیں تو وہ بینیفٹ کمیٹی کی فراہم کردہ سہولتوں کی مستحق ہوں گیں۔
7. وہ والدین جو وزٹ ویزہ یا Ricongiungimento familiare کے ذریعہ یہاں آئے ہیں یا وہ افراد جن کی عمر ساٹھ سال سے زائد ہے اگر وہ ممبر شپ حاصل کرنا چاہیں تو ان کیلئے لازم ہوگا کہ وہ پانچ سو یورو رجسٹریشن فیس یکمشت جمع کروائیں اور ماہانہ، سہ ماہی یا سالانہ اقساط باقاعدہ ادا کریں۔ یاد رہے کہ اس شق میں شامل افراد کے ورثا کو ہزار یورو نقد ادا نہیں کیے جائیں گے۔
8. ماہانہ معاونت کی رقم کم از کم دس یورو ہوگی نئی رجسٹریشن کے لئے رکن کا بذات خود حاضر ہونا لازمی ہوگا۔ کسی فرد کو ممبر بنانے یا نہ بنانے کا حتمی فیصلہ انتظامیہ کرے گی۔
9. کوئی بھی ایسا شخص جسکو کوئی لاعلاج مرض لاحق ہو یا جس کی جسمانی حالت یا صحت انتہائی ناگفتہ بہ ہو۔ بینیفٹ کمیٹی کی ممبر شپ حاصل کرنے کا اہل نہ ہوگا۔ ایسے شخص کے مستحق یا نادار ہونے کی صورت میں اس کی معاونت کا کوئی اور حل تلاش کیا جائے گا۔
10. اگر کوئی ممبر دھوکا دہی، جھوٹ، جعلسازی یا ایسے اقدامات کا مرتکب ہوتا ہے جس سے محمدیہ اسلامی مرکز کی ساکھ یا مفادات کو نقصان پہنچتا ہے تو انتظامیہ ایسے شخص کی ممبر شپ منسوخ کرنے اور قانونی چارہ جوئی کا اختیار رکھتی ہے۔
11. مسجد انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ وہ موت واقع ہوجانے کی صورت میں متعلقہ شخص کے معاونت ریکارڈ کی جانچ پڑتال کرے اس حوالے سے ورثا سے آخری بنک سٹیٹمنٹ یا رسید بھی طلب کی جاسکتی ہے۔ باقاعدہ معاونت کی ادائیگی کی صورت میں ہی متاثرہ خاندان سے تعاون ممکن ہوگا۔
12. مندرجہ بالا قواعد وضوابط حتمی نہیں ہیں بوقت ضرورت ان میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ کسی بھی تبدیلی کی صورت میں معاونین کو بروقت آگاہ کیا جائے گا۔

اقرار نامہ

میں نے مندرجہ بالا تمام قواعد وضوابط کو بغور پڑھا ہے میں اس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ مجھے جملہ قواعد وضوابط سے مکمل اتفاق ہے لھذا مجھے بینیفٹ کمیٹی کی رکنیت دی جائے۔

Cognome: ____________________ Nome: ____________________ Data di nascita: ____________________

C.F.: ____________________ Email: ____________________ Tel: ____________________

Indirizzo: ____________________ Cap: __________ Citta: ____________________ Prov: __________

Per l'accettazioni dei termini, le condizioni e trattamenti dei dati personali Firma: ____________________

محمدیہ اسلامی مرکز وجامع مسجد بریشیا (اٹلی) فون : 030349687 / 388 1181716

عطیات:

محمدیہ اسلامی مرکز کے زیراھتمام بینیفٹ کمیٹی
کا قیام Benefit Committee

Io voglio fare Bonifico Permanente Trimestrale 30 euro su uno di due IBAN.

IBAN BPER BANCA

I	T	5	1	Y	0	5	3	8	7	1	1	2	0	2	0	0	0	0	3	5	1	9	7	7	2	6

IBAN UBI BANCA

I	T	4	3	O	0	3	1	1	1	1	1	2	4	0	0	0	0	0	0	0	0	1	7	0	0	0

Causale : Scrivi Codice Fiscale & Donazione

INTESTATO A: ASSOCIAZIONE CULTURALE ISLAMICA MUHAMMADIAH